# عورت کا بالوں کی چوٹی یا پراندہ باندھنا اور پراندہ باندھ کر نماز پڑھنا

**مجیب:** فرحان احمد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:**Web-422

**تاریخ اجراء:** 16ذوالحجۃالحرام1443ھ /16جولائی2022ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

عورت کا بالوں میں چوٹی بنانے کا کیا حکم ہے؟اسی طرح کچھ خواتین بالوں میں پراندہ باندھتی ہیں اس کا کیا حکم ہے؟نیز پراندہ باندھ نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

عورت کا اپنے بالوں کی چوٹی بنانا،جوڑا یا پراندہ باندھنا شرعاً جائز ہے اور اس کے لیے اس حالت میں نماز ادا کرنا بغیر کسی کراہت کے جائز ہے،احادیث میں جوڑا بنانے کی جو ممانعت ہے وہ مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے نہیں۔

مصنف عبد الرزاق میں ہے:”عن أبي رافع قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يصلي الرجل ورأسه معقوص“ترجمہ:حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد کو اس حال میں نماز پڑھنے سے منع فرمایا کہ اس نے سر کے بالوں کا جُوڑا بنایا ہو۔(مصنف عبدالرزاق الصنعانی،جلد2،صفحہ183، المجلس العلمی)

حضرت علامہ عبد الرؤوف مناوی رحمۃ اللہ علیہ فیض القدیر میں اس حدیث کے تحت فرماتے ہیں:”قال الزين العراقي: والنهي خاص بالرجل دون المرأة“ترجمہ:امام زین عراقی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:(نماز میں جُوڑا باندھنے کی)ممانعت مردوں کے ساتھ خاص ہے نہ کہ عورتوں سے۔(فیض القدیر شرح الجامع الصغیر،باب المناھی،جلد6، صفحہ348،مطبوعہ:مصر)

اعلی حضرت امام اہلسنت مجدد دین وملت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:”جُوڑا باندھنے کی کراہت مرد کے لیے ضرور ہے“۔حدیث میں صاف نھی الرجل ہے۔عورت کے بال عورت ہیں،پریشان ہوں گے،تو

انکشاف کا خوف ہے اور چوٹی کھولنے کا اسے غسل میں بھی حکم نہ ہوا کہ نماز میں کف شعر گندھی چوٹی میں ہے، جب اس میں حرج نہیں، جُوڑے میں کیا حرج ہے۔ مرد کے لیے ممانعت میں حکمت یہ ہے کہ سجدے میں وہ بھی زمین پر گریں اور اس کے ساتھ سجدہ کریں کمافی المرقاۃ وغیرہ اور عورت ہرگز اس کی مامور نہیں لاجرم امام زین الدین عراقی نے فرمایا: ھو مختص بالرجال دون النساء۔ (فتاوی رضویہ جلد7، صفحہ298، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net